# SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

Press Release
For immediate Release
November 2, 2016

## ایس ای سی پی نے پی ایم ای ایکس پر لسٹنگ کے لئے دھان چاول فیوچرز کانٹر یکٹس کی منظوری دے دی

اسلام آباد، ۲ نومبر: زرعی اجناس کی الیکٹرانک تجارت کو پاکستان مرکنٹائل ایکسچینج (پی ایم ای ایکس)، پاکستان کے واحد کماڈیٹی فیوچرز ایکسچینج، کے پلیٹ فارم سے فروغ دینے اور زراعت کے شعبے میں شراکت داروں (خصوصی طور پر کسانوں) کے مفادات کے تحفظ کے لئے سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) نے پی ایم ای ایکس پر لسٹنگ کے لئے سپر باسمتی دھان چاول فیوچرز کانٹر یکٹس کی منظوری دے دی۔

اس سے قبل، اگست ۲۰۱۵ میں، ایس ای سی پی نے سرخ مرچ فیوچرز کانٹریکٹ کی بھی منظوری دی تھی جسے آزمائشی دور کی کامیابی پر بعد ازاں بھرپور طریقے لانچ کیا گیا۔ حالیہ فصل میں ایک ہزار ٹن سے زائد سرخ مرچ کی الیکٹرانک پلیٹ فارم کے ذریعے تجارت ہوئی۔ پی ایم ای ایکس پلیٹ فارم کے استعمال کے فوائد میں اجناس کے معیار کی جانچ، چوبیس سے اڑتالیس گھنٹوں میں تیز ترین ادائیگی، قیمت میں شفافیت، حوالگی اور تصفیہ کی ضمانت کا انتظام بھی شامل ہے۔

ایس ای سی پی نے پاکستان میں پی ایم ای ایکس پلیٹ فارم کے استعمال پر تاجروں کی حوصلہ افزائی کے ذریعے زرعی اجناس کی تجارت میں اصلاحات لانے کے لئے پر عزم ہے۔ اس مقصد کے لئے ایس ای سی پی نے کمپنیز بل، ۲۰۱۶ کے مسودے میں زرعی فروغ کی کمپنیوں کا کی تجاویز پیش کی ہیں جس میں پیداکار اور ضمنی مناظمتی کمپنیاں شامل ہیں اور ایک کولیٹرل مینجمنٹ اینڈ ویئرہاؤسنگ فریم ورک کا مسودہ بھی ترتیب دیا گیا ہے کولیٹرل مناظمتی کمپنی کی تشکیل اور الحاق شدہ گوداموں کی رجسٹریشن میں آسانی پیدا کی جا سکے۔ مذکورہ فریم ورک کو اگلے ہفتے عوامی مشاورت کے لئے بھی پیش کیا جائے گا۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Shakil Ahmad Chaudhary
0302-8552254